[LC 1006] Sub. Code : 1006

B.U.M.S. DEGREE EXAMINATION.

First Professional Course

Paper VI – MANTIQ - O - FALSAFA AND HAIYAT

(New Scheme)

Q.P.Code : 621006

Time : Three hours Maximum : 100 marks

PART A

I. Answer any TWO of the following : (2 × 15 = 30)

۱۔ دلالت اور اسکے اقسام کی تعریف کرتے ہوئے مثالیں دیجئے۔ مزید یہ بتلائیں کہ وہ کونسی دلالت ہے جس سے ہر خاص و عام کو فائیدہ ہوتا ہے۔

۲۔ علم منطق کی تعریف، غرض و غائیت بیان کریں نیز تصور اور تصدیق کی باعتبار حصول و باعتبار ترتیب اقسام اور مثالیں تحریر کریں۔

۳۔ کون و فساد کے مفہوم کو واضح کریں نیز وجود کائینات کے لئے کون و فساد کا نظام ضروری ہے دلائل سے ثابت کریں۔

PART B

II. Answer all TEN of the following : (10 × 5 = 50)

۱۔ قضیہ جملیہ کی موضوع کے اعتبار سے کتنی قسمیں ہیں تحریر کریں۔

۲۔ حجت و دلیل کی تعریف اور اس کے اقسام کی صراحت کریں۔

۳۔ کلّی ذاتی کی تعریف اور اس کے اقسام بتلائیے۔

۴۔ دو کلیوں کے درمیان کتنی طرح کی نسبت پائی جاتی ہے لکھئے۔

۵۔ تناقص کی تعریف اور اس کے شرائط تحریر فرمائیں۔

۶۔ حواس باطنہ کتنے ہوتے ہیں صراحتاً لکھئے۔

۷۔ دنیا کی گولائی میں خط سرطان کی نشاندہی کیجئے اور اس کا مزاج بتلائیں۔

۸۔ کلی عرضی کی تعریف اور اس کے اقسام تحریر کیجئے۔

۹۔ قضیہ شرطیہ کی تعریف اور اس کے اقسام معہ امثال تحریر کیجئے۔

۱۰۔ مزاج کسے کہتے ہیں تفصیل سے قلمبند کریں۔

PART C

III. Answer all TWENTY (20) of the following : (20 × 1 = 20)

۱۔ یم جی آر یونیورسٹی، میڈیکل یونیورسٹی ہے۔

(a) قضیہ شخصیہ (b) قضیہ شرطیہ

(c) قضیہ طبعیہ (d) قضیہ انشائیہ

۲۔ چاند سورج سے روشنی حاصل کرتا ہے۔

(a) تصور بدیہی (b) تصور نظری

(c) تصدیق نظری (d) تصدیق بدیہی

۳۔ علمِ منطق کا موضوع

(a) تصور و تصدیق (b) خط جدی

(c) مفہوم (d) قضیہ

۴۔ حواس ظاہرہ کی قسمیں

(a) تین ہیں (b) چار ہیں

(c) پانچ ہیں (d) سات ہیں

۵۔ ایسی کلی جو اپنے افراد سے خارج ہو

(a) جنس (b) نوع

(c) کلی عرضی (d) کلی ذاتی

۶۔ ایسی کلی جو اپنے افراد کی حقیقت میں داخل ہو۔

(a) کلی عرضی (b) کلی ذاتی

(c) خاصہ (d) عرض عام

۷۔ دو (۲) کا عدد طاق ہے یا جفت

(a) قضیہ حملیہ (b) قضیہ انشائیہ

(c) قضیہ متصلہ (d) قضیہ منفصلہ

۸۔ حیوان ناطق۔

(a) رسم تام (b) رسم ناقص

(c) حد تام (d) حد ناقص

۹۔ ہمارے کالج کے پرنسپل شیر ہیں

(a) تصدیق (b) حقیقت

(c) تصور (d) مجاز

۱۰۔ ایسا قول جسکے کہنے پر سچے یا جھوٹے ہونے کا حکم نہیں لگایا جاسکے

(a) نوع (b) جنس

(c) فصل (d) انشائیہ

۱۱۔ ایسے امور کا جاننا جس سے کسی شخص کی ذاتی اصلاح مقصود ہو

(a) تہذیب اخلاق (b) تہذیب منزل

(c) سیاست مدن (d) تدبیر منزل

۱۲۔ حِس مشترک کس کی قسم ہے؟

(a) حواس ظاہرہ　　(b) حواس باطنہ

(c) قوت حافظ　　(d) قوت خیال

۱۳۔ قوت غاذیہ کتنے قویٰ پر مشتمل ہے؟

(a) تین قویٰ پر　　(b) چار قویٰ پر

(c) پانچ قویٰ پر　　(d) سات قویٰ پر

۱۴۔ اقالیم کتنے ہیں؟

(a) تین　　(b) چار

(c) پانچ　　(d) سات

۱۵۔ کونسی خلط چار یابس ہوتی ہے؟

(a) خلط دم　　(b) خلط بلغم

(c) خلط سودا　　(d) خلط صفراء

۱۶۔ حضرت آدمؑ نبی ہیں

(a) قضیہ شرطیہ　　(b) قضیہ طبعیہ

(c) قضیہ انشائیہ　　(d) قضیہ حملیہ

۱۷۔ قرآن مجید حضرت محمدؐ پر نازل ہوا۔

(a) تصور بدیہی (b) تصور نظری

(c) قضیہ (d) معرف

۱۸۔ آگ کی دلالت دھویں پر

(a) دلالت وضعی (b) دلالت لفظی

(c) دلالت التزامی (d) دلالت طبیعی

۱۹۔ حیوان ناطق اور انسان میں کونسی نسبت ہے؟

(a) عموم خصوص مطلق (b) عموم خصوص من وجہ

(c) تساوی (d) تبائین

۲۰۔ سورج نکلے گا تو دن ہوگا کونسا قضیہ ہے؟

(a) قضیہ شرطیہ منفصلہ (b) قضیہ متصلہ

(c) قضیہ حملیہ (d) قضیہ انشائیہ

---